حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ کی درگاہ کے گدی نشین سید ناظم علی نظامی کی لندن میں ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

سید ناظم علی نظامی نے الطاف حسین کو درگاہ شریف کے تبرکات پیش کئے اور انہیں دہلی کے دورے کی دعوت دی

آپ کا حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ سے ایک خصوصی تعلق ہے اور اس روحانی رشتہ اور تعلق ہی نے ہمیں آپ سے جوڑ دیا ہے۔ سید ناظم علی نظامی کی الطاف حسین سے گفتگو

بزرگانِ دین کی روحانی تعلیمات میں انسانیت کے احترام کا درس ملتا ہے۔ الطاف حسین

لندن۔۔۔8 اکتوبر 2008ء

برصغیر کی ممتاز بزرگ ہستی حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمتہ اللہ علیہ المعروف ''محبوب الٰہی'' کی درگاہ کے گدی نشین جناب سید ناظم علی نظامی نے ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ وہ جناب الطاف حسین کی سالگرہ میں شرکت کیلئے خصوصی طور پر انڈیا سے تشریف لائے تھے۔ سید ناظم علی نظامی نے جناب الطاف حسین کو درگاہ شریف کے تبرکات پیش کئے اور انہیں دہلی کے دورے کی دعوت دی۔ انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ کا حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ سے ایک خصوصی تعلق ہے اور اس روحانی رشتہ اور تعلق ہی نے ہمیں آپ سے جوڑ دیا ہے۔ سید ناظم علی نظامی نے جناب الطاف حسین اور انکے ساتھیوں کی صحتیابی، درازی عمر اور دینی و دنیاوی کامیابی کیلئے بھی دعائیں کیں۔ جناب الطاف حسین نے درگاہ خواجہ نظام الدین اولیاؒ کے دورے کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے اس پر خوشی کا اظہار کیا اور کہا کہ بزرگان دین کی روحانی تعلیمات میں انسانیت کے احترام اور خدا کی مخلوق سے بلاامتیاز محبت کا درس ملتا ہے اور خلق خدا سے محبت کا یہ روحانی پیغام تمام نفرتوں کی ضد ہے۔

8، اکتوبر کے قیامت خیز زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہیں، الطاف حسین

صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کیلئے ایم کیو ایم کی عملی خدمات مثالی ہیں

سانحہ 8، اکتوبر کے شہداء کی تیسری برسی پر بیان

لندن۔۔۔8، اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ 8، اکتوبر 2005ء کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیو ایم آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں قیامت خیز زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ سانحہ 8، اکتوبر کے شہداء کی تیسری برسی پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیو ایم دکھی انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیو ایم کی عملی خدمات کا دنیا بھر میں اعتراف کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں قیامت خیز زلزلہ کے بعد ایم کیو ایم کے منتخب نمائندگان، کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں نے جس طرح اپنی جانیں ہتھیلی پر رکھ کر متاثرین کی عملی امداد کی ہے، انہیں غذائی اجناس اور طبی امداد فراہم کی ہے اس کی مثال نہیں ملتی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سرحد اور آزاد کشمیر میں زلزلہ زدگان کی عملی امداد کر کے ایم کیو ایم نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ بلاامتیاز رنگ ونسل، زبان، مذہب اور مسلک عوام کی خدمت کے محض دعوے نہیں کرتی بلکہ عملیت پسندی پر یقین رکھتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ 8، اکتوبر 2005ء کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم زلزلہ سے متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ قیامت خیز زلزلہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کو درجات بلند فرمائے اور شہداء کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔8اکتوبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 144 کے کارکن فیض الرحمٰن کے والد عزیز الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆